© rasailojaraid.com


## اے میرے اللہ، اے میرے رب!

— معذوری ومحتاجی سے بچانا
— ڈاکٹروں کی چیر پھاڑ سے اور طویل بیماریوں سے محفوظ رکھنا
— آخری وقت کلمہ نصیب کرنا
— چلتے پھرتے اٹھانا
— منکر نکیر کو صحیح جواب دلوانا
— قبر میں جنت کی طرف سے دریچہ کھولنا
— پُل صراط پر نور سے رستہ دکھانا
— روزِ محشر عرش کے سایے میں جگہ دینا
— حوضِ کوثر سے پانی پلانا
— نامہ اعمال داہنے ہاتھ میں دینا
— آسان حساب لینا
— جنت میں حور و غلمان کا ساتھ دینا
— یہاں ساتھ رہنے والوں کو وہاں آمنے سامنے تخت پر بٹھا کر شراباً طہوراً پلانا
— رسول کریمؐ کی شفاعت نصیب کرنا
— اپنے وجہ کریم کی لذتِ دیدار کا لطف دینا

## میرے اللہ، میرے رب!!

— مجھے ان کاموں کی توفیق دے جن سے تو راضی ہوتا ہے
— میرے اللہ میرے گناہ بہت ہیں، پر تیری رحمت وسیع تر ہے!
— اپنی رحمت سے مجھ گنہ گار کو ڈھانپ لینا، میرے رب!

[ اللھم صلِّ علیٰ محمد النّبی الامی الکریم ]

(خیر خواہ)

© rasailojaraid.com